F.C.A HAYAT ABAD.

Page. 1

School

(1)

فواد علی۔

اردو ٹیچر

Date: 16/10/2012

کلاس ہشتم

Day بدھ

یونٹ بی

# مشق نمبر 12۔

## "بجلی کی دریافت"

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| مادی | ہمارے جیسے بنی چیز | ناگزیر | بہت ضروری |
| اطالوی | اٹلی کا رہنے والا | [illegible] | |
| مقناطیس | مقناطیس قوانی | قمقمہ | چھوٹا بلب |
| برقی رو | بجلی | خول | بیرونی تہہ |
| بے تغیر | جو تبدیل نہ ہو | کنڈکٹر | موصل |
| چارج | کرنٹ | موصل | وہ چیز جس میں برقی رو گزر سکے |

سوال نمبر1 بجلی (برقی رو) کیا ہے؟

جواب بجلی کوئی مادی شے نہیں بجلی حرارت کی طرح ایک قوت کا نام ہے جس سے تمام دنیا کا کاروبار چلتا ہے۔ گرمی سے بچنے کے لیے پنکھے اس کی مدد سے چلتے اور راتوں کو دفاتر اور گھروں میں بلبوں کو روشن کرتا ہے

سوال نمبر2 سب سے پہلے کب اور کس نے بجلی پر کام شروع کیا؟

جواب سب سے پہلے 1950ء میں اطالوی سائنسدان کارڈانو (Kardanu) نے بجلی پر کام

Date: 16/10/2018 (2) Day ______

شروع کیا۔

سوال نمبر 3: کرنٹ کی کتنی اقسام ہیں؟ پہلے کرنٹ کی کونسی قسم ایجاد ہوئی؟

جواب: کرنٹ کی دو اقسام ہیں (1) ڈی سی (DC) کرنٹ اور (AC) کرنٹ اور سب سے پہلے (DC) کرنٹ ایجاد ہوا۔

سوال نمبر 4: بجلی کا بلب کس نے ایجاد کیا اور اسے کس اصول پر بنایا گیا؟

جواب: ایڈیسن نے بجلی کا بلب ایجاد کیا۔ بعض مادے مثلاً کاربن اور سلیکان وغیرہ بجلی گزرنے کے لئے اتنے کمزور ہوتے ہیں کہ جب ان میں بجلی کی رو گزر جاتی ہے تو وہ بہت مزاحمت کرتے ہیں جس سے روشنی پیدا ہوتی ہے۔

سوال نمبر 5: شارٹ سرکٹ سے کیا مراد ہے؟

جواب: جب دو بجلی کی تاریں آپس میں مل جائیں تو ملنے والی جگہ سے بہت زیادہ کرنٹ گزرنا شروع ہو جاتا ہے اور وہ حصہ بہت زیادہ گرم ہو کر آگ پکڑ لیتا ہے۔ اسے شارٹ سرکٹ کہا جاتا ہے۔

سوال نمبر 6: پن بجلی سے کیا مراد ہے؟

جواب: بعض مقامات پر جنریٹروں کو چلانے کے لئے پانی کا تیز بہاؤ استعمال کیا جاتا ہے۔ اس طریقے سے پیدا ہونے والی بجلی کو "پن بجلی" کہا جاتا ہے۔

سوال 7

| الفاظ | مترادف | الفاظ | مترادف |
|---|---|---|---|
| داستان | قصہ | حرارت | گرمی، تپش |
| تاریکی | ظلمت، اندھیرا | قوت | طاقت |
| خادمہ | ملازمہ/نوکرانی | دور | زمانہ |
| عمل | فعل | اعزاز | انعام |
| | | ذخیرہ | جمع پونجی |
| | | قمقمہ | چھوٹا بلب |

سوال نمبر 8

درج ذیل محاورات کو اس طرح جملوں میں استعمال کریں کہ مطلب واضح ہو جائے۔

جواب

| الفاظ | معنی | جملے |
|---|---|---|
| گوارا کرنا | پسند کرنا | کشمیر کی آزادی ہندوستان گوارا نہیں کرتا |
| سر قلم کرنا | قتل کرنا | قاتل کا سر قلم کرنا چاہئے۔ |
| آؤ بھگت کرنا | خاطر تواضع کرنا | واجد نے میری آؤ بھگت کی۔ |
| آوازیں کسنا | آوازیں لگانا | عورتوں کے پیچھے آوازیں کسنا غیر اخلاقی فعل ہے۔ |
| آنکھیں بدلنا | خفا ہو جانا | ساجد نے آج کل آنکھیں بدل لی ہیں |
| گوشمالی کرنا | کان مروڑنا | غلط کام کرنے پر ابو نے ولید کی خوب گوشمالی کی۔ |

Date: 16/10/19 Day: بدھ

# مرکب اضافی

**تعریف:۔** ایسے مرکبات جس میں ایک اسم کی دوسرے اسم سے نسبت ظاہر کی جاتی ہے وہ مرکب اضافی کہلاتے ہیں۔
مثلاً کا، کے، کی وغیرہ۔

**مضاف:۔** ایسے اسم جن کی نسبت دوسرے سے ظاہر کی جائے انہیں مضاف کہتے ہیں۔

**مضاف الیہ:۔** وہ اسم جن کی سے کسی کی نسبت ظاہر کی جائے، مضاف الیہ کہلاتے۔

اب آپ مندرجہ ذیل فقروں میں سے مضاف اور مضاف الیہ الگ الگ کریں؟
جرم کی سزا - گاڑی کا پیٹرول - عامر کا گھوڑا - مدرسے کے لڑکے - فوزیہ کی کتاب

| مضاف الیہ | حروف اضافت | مضاف |
|---|---|---|
| جرم | کی | سزا |
| گاڑی | کا | پیٹرول |
| عامر | کا | گھوڑا |
| مدرسے | کے | لڑکے |
| فوزیہ | کی | کتاب |

Date: / /　　　　Day______

مشق نمبر 13 :

## "تفریح کی اہمیت"

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| داد دینا | شاباش دینا | چشم تصور | خیالی |
| محظوظ | لطف اندوز ہونا | | |
| تھک کر چور ہونا | تھک جانا | پسینے سے شرابور ہونا | پسینے سے بھیگنا |
| | | مگن | مصروف |
| چشم تخیل | خیال | توسط | واسطہ |
| ادیب | لکھنے والا | ترجیح | فوقیت |
| اطوار | طور طریقے | | |

سوال نمبر 1: سلیم کے گرد طلبہ کیوں جمع تھے؟

جواب: سلیم کے گرد طلبا اس لیے جمع تھے کہ سلیم طلبہ کو میلے کا حال سنا رہا تھا اور ساتھ ہی موت کے کنویں والی سرکس کے متعلق ساتھیوں کو بتا رہا تھا۔

سوال نمبر 2: تفریح کن دو طریقوں سے کی جا سکتی ہے؟ مثالیں دے کر واضح کریں۔

جواب: تفریح ان دو طریقوں سے کی جا سکتی ہے۔
1) کسی کام میں خود شریک ہو کر
2) مشاہدہ کر کے یعنی تماشائی بن کر

سوال نمبر 3: جمیل کس طرح تفریح کرتا ہے؟ اپنے الفاظ میں لکھیں۔

Date: / /　　Day

جواب: جمیل کو مختلف علاقوں کی سیر کرنے میں مزا آتا ہے۔ وہ اکثر تاریخی مقامات، عمارتوں کی سیر کرتا ہے اور ساتھ ہی دوستوں کے لیے معلومات بھی فراہم کرتا ہے۔

سوال نمبر 4: تفریح ہمارے لئے کیوں اہم ہے؟

جواب: تفریح ہمارے لئے بہت اہم ہے کیونکہ تفریح سے ذہنی آسودگی اور قلبی سکون ملتا ہے۔ تفریح کے دوران میں بھی ہم بہت کچھ سیکھتے ہیں۔ تفریح سے انسان میں مثبت سوچ پیدا ہوتی ہے

سوال نمبر 5: آپ کس طرح تفریح کرتے ہیں؟ اس سے آپ کو کیا ملتا ہے؟

جواب: میں ہاکی کھیلتا ہوں، ہم سب دوست اکھٹے ہو جاتے ہیں۔ اس سے ہمیں ذہنی سکون اور جسمانی طاقت حاصل ہوتی ہے۔

سوال نمبر 6: درج ذیل الفاظ و محاورات کو اپنے جملوں میں استعمال کریں۔

| الفاظ | جملے |
| --- | --- |
| داد دینا | جنید داد دینے کے قابل ہے۔ |
| محظوظ | آج ہم ٹیلی ویژن سے بہت محظوظ ہوئے |
| تھک کر چور ہو جانا | میں کھیتوں میں کام کر کے تھک کر چور ہو گیا ہوں |
| توانائی | شمسی توانائی حرارت کا آسان ذریعہ ہے |
| حادثہ | علی حادثے میں بال بال بچ گیا |

Date: 16/10/19 Day بدھ

سوال نمبر 7

اپنے دوست کو خط لکھ کر بتائیں کہ آپ کے تفریحی مشاغل کیا کیا ہیں؟

از کمرہ جماعت
16 اکتوبر 2019ء

پیارے دوست اقبال خان
السلام علیکم!

بعد از سلام امید ہے کہ آپ خیریت سے ہوں گے۔ بہت دنوں سے خط لکھنے کا ارادہ تھا لیکن مصروفیات کی وجہ سے خط نہ لکھ سکا۔ ہم سیر کے لئے ایبٹ آباد گئے تھے۔ موسم وہاں بہت ہی خوشگوار تھا۔ ادھر ہم سب دوست اکٹھے ہوئے اور گاڑی میں سامان رکھ کر روانہ ہوئے۔ ایبٹ آباد میں ایک دوست کے گھر ٹھہرے۔ وہاں میرے دوست نے ہمیں پورے ایبٹ آباد کی سیر کرائی۔ اس کے علاوہ میں نے گھر میں ایک چھوٹا سا باغیچہ بھی لگا رکھا ہے۔ جہاں رنگ برنگ کے پھول اور سبزیاں اگائی ہوئی ہیں۔ میں اور میرے ابو اس میں روزانہ کام کرتے ہیں۔ ہمیں بڑا مزہ آتا ہے۔ باقی کوئی خاص بات نہیں کہ تحریر کروں۔ اپنے والدین کو میرا سلام پہنچا دیں۔

والسلام
آپ کا دوست عاقب جان

Date: / / Day______

**اسمِ معرفہ:-** وہ اسم جو کسی خاص شخص، خاص جگہ، خاص چیز، خاص مقام یا خاص کیفیت کو ظاہر کرے۔
مثلاً حضرت محمدؐ، قرآن مجید، اسلام، وغیرہ۔

## اسمِ معرفہ کی اقسام:-

1۔ اسمِ علم 2۔ اسمِ ضمیر 3۔ اسمِ اشارہ 4۔ اسمِ موصول 5۔ اسمِ مضاف

**اسمِ علم:-** وہ اسم ہے جو کسی شخص کی پہچان کے لیے علامت کا کام دیتا ہے۔
اسمِ علم کی پانچ قسمیں ہیں۔

**1۔ عُرف:-**
وہ نام جو پیار یا حقارت کی وجہ سے مشہور ہو جائے
مثلاً فضل الرحمن سے فضلو یا کاشف سے کاشی وغیرہ۔

**2۔ خطاب:-**
وہ اعزازی نام جو کسی شخص کو غیر معمولی بہادری کا، علمی، ادبی یا قومی خدمت کے صلے میں قوم یا حکومت کی جانب سے دیا گیا ہو۔ مثلاً سر علامہ محمد اقبال، سر سید احمد خان

**3۔ لقب:-** وہ نام ہے جو کسی خاص صفت کی وجہ سے مشہور ہو کر اصلی نام بن جائے مثلاً
حضرت ابراہیمؑ خلیل اللہ، حضرت موسٰیؑ کلیم اللہ وغیرہ۔

**4۔ کنیت:-** وہ نام جو باپ، ماں، بیٹے یا بیٹی کی نسبت سے رکھا جائے جیسے ابوالحسن باپ کی نسبت سے۔ ام کلثوم ماں کی نسبت سے

**5۔ تخلص:-** وہ مختصر نام جو شعر شاعر اپنے کلام میں لانے کے لیے استعمال کرتے ہیں مثلاً نام اسد اللہ خان اور تخلص غالب ہے۔

Date: 17/10/19 مشق نمبر 14 Day جمعرات

# میزبان کی اعلیٰ ظرفی

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| حیرت و تعجب | حیران کرنے والا | مصاحب | دوست، نوکر |
| چہرہ چمکنا | چہرہ روشن ہونا | نقاب | پردہ |
| انتقام | بدلہ | قاعدہ | قانون |
| شرافت | عزت | گردن اڑا دینا | قتل کر دینا |
| آہ بھرنا | فریاد کرنا | اجنبی | مسافر |
| خستہ حال | خراب حالی | ڈیوڑھی | دہلیز |
| بیہودگی | فضول | سکتہ طاری ہونا | بیہوشی طاری ہونا |
| عوض | بدلہ | خوف | ڈر |

سوال نمبر 1: میزبان کو کیا پریشانی لاحق تھی؟

جواب: میزبان کو یہ پریشانی لاحق تھی کہ وہ باپ کے قاتل کو تلاش کرنے کے لیئے روزانہ جاتا اور ناکام لوٹ آتا۔

سوال نمبر 2: ابراہیم بن سلیمان اپنے میزبان کا کیوں احسان مند تھا؟

جواب: ابراہیم بن سلیمان اس لیئے میزبان کا احسان مند تھا۔ کیونکہ میزبان نے ان کو گھر میں پناہ دی رکھی تھی اور ساتھ ان کو تمام سہولیات فراہم کیئے تھے۔

سوال نمبر 3: جب میزبان کو مہمان کی اصلیت معلوم ہوئی تو اس نے کیا کیا؟

جواب: جب میزبان کو مہمان کی اصلیت کا معلوم ہوئی تو اس نے انہیں 500 اشرفیاں دے کر کہا کہ میں آپ کو اپنے گھر میں قتل نہیں کر سکتا اس لیئے آپ یہاں سے دور چلے جائیں۔

Date: / /　　　Day

سوال نمبر ۴: ابراہیم بن سلیمان نے مہمان نوازی کا واقعہ کیسے سنایا؟

جواب: ابراہیم بن سلیمان نے مہمان نوازی کا واقعہ عبد اللہ علیہم خلیفہ سفاح کو سنایا۔

سوال نمبر ۵: میزبانی کی اعلیٰ ظرفی کا مرکزی خیال تحریر کریں؟

جواب: اس کہانی کا مرکزی خیال یہ ہے کہ بعض اقوام مہمان نوازی کے لیے بہت مشہور ہوتے ہیں ان کو اپنی مہمان نوازی اپنی جان و مال سے بھی پیاری ہوتی ہے۔ اور اگر کوئی دشمن ان کے یہاں مہمان بن کر ٹھہرے تو ان کو بھی معاف کرتے ہیں اور یہ روایت پٹھانوں میں موجود ہیں۔

سوال نمبر ۶: درج ذیل الفاظ کو جملوں میں اس طرح استعمال کریں۔ کہ ان کی تذکیر و تانیث واضح ہو جائے۔

خوف، جان، مصیبت، وعدہ، کامیابی، حسرت، شرافت، احترام۔

جواب

| الفاظ | جملے |
| --- | --- |
| خوف | ہر دل میں اللہ تعالیٰ کا خوف ہونا چاہیئے۔ |
| مصیبت | اللہ تعالیٰ ہم سب کو ہر مصیبت سے بچائیں۔ |
| جان | اپنی جان سب کو پیاری ہوتی ہے |
| وعدہ | احمد نے میرا ساتھ وعدہ کیا تھا کہ آج کام مکمل کرے گا۔ |
| کامیابی | ساجد اپنے مقصد میں کامیاب ہوا۔ |
| حسرت | مجھے اپنے دوست سے ملنے کی حسرت ہے۔ |
| شرافت | آپ کو شرافت کا مظاہرہ کرنا چاہیئے۔ |
| احترام | انتقام لینا اچھا نہیں ہے۔ |

Date: / / — گرامر — Day

## اسم جامد:

جامد کے معنی ہیں جما ہوا۔ یعنی جو حرکت نہ کر سکے۔ مثلاً: پہاڑ، چاقو، سیب، میز وغیرہ۔
اصطلاح میں اسم جامد وہ کلمہ ہے جو نہ تو خود کسی دوسرے کلمے سے بنے اور نہ اس سے کوئی اور کلمہ بنایا جا سکے۔

## مشتق:

اسم مشتق وہ ہے جو خود مصدر سے بنے لیکن اس سے کوئی اور لفظ نہ بن سکے۔ اسم فاعل، اسم مفعول، اسم حاصل مصدر، اسم حالیہ، اسم ظرف اگرچہ اسم نکرہ کی قسمیں ہیں یہ مشتق ہیں۔ اس لئے اس کو مشتق بھی کہا جاتا ہے۔

## مصدر:

مصدر وہ اسم ہے جو خود تو کسی سے نہ نکلا ہو لیکن اس سے اور الفاظ نکلیں۔ جیسے کھانا، سونا، جاگنا، پینا، وغیرہ۔
جو کلمہ کسی کام "یا" حرکت کا بیان کرتا ہو لیکن اس میں زمانہ نہ پایا جائے یعنی کام کا وقت معین نہ ہو مصدر کہلاتا ہے۔
مصدر کی علامت یہ ہے کہ اس کے آخر میں ہمیشہ "نا" پایا جاتا ہے۔ جیسے لینا، سننا، چلنا، پھرنا۔

Date: 17/10/2019 Day______

# مشق نمبر 15 .

## پاکستان کا نظام مواصلات .

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| سبک رفتار | تیز رفتار | اندیشہ | ڈر اور خطرہ |
| تجارت | سوداگری | یاتری | سیاح |
| استحکام | مضبوطی | مرمت | دوبارہ جوڑنا |
| منقطع | کٹ جانا | عجوبہ | عجیب و غریب کام |
| شاہراہ | بڑی سڑک | ترسیل | روانہ کرنا |
| | | بروقت | وقت پر |

سوال نمبر 1: ذرائع آمد و رفت کی اہمیت بیان کریں؟

جواب: کسی ملک کی صنعتی ترقی میں ذرائع آمد و رفت ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔ ذرائع آمد و رفت سے ملک کی صنعت و حرفت (ہنر، دست کاری) کو فروغ ملتا ہے اور معاشی استحکام حاصل ہوتا ہے۔

سوال نمبر 2: نیشنل ہائی وے اتھارٹی کا محکمہ کیا کام کرتا ہے؟

جواب: یہ ادارہ تمام شاہراہوں اور موٹر ویز کی تعمیر و ترقی، مرمت اور دیکھ بھال کا کام کرتا ہے۔

سوال نمبر 3: شاہراہ ریشم کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب: شاہراہ ریشم کے بارے میں یہ جانتے ہیں کہ یہ شاہراہ چین اور پاکستان کے درمیان رابطے کا ذریعہ ہے۔ سطح زمین سے اس کی بلندی 15 ہزار فٹ ہے اس کی کل لمبائی آٹھ سو کلومیٹر ہے۔ اس سڑک

Date: / /   Day____

اس سڑک کی تعمیر کے دوران سینکڑوں پاکستانی اور چینی انجینئر اور مزدور شہید ہوئے تھے۔

س 4 مسافروں کی سہولت کے لیے پاکستانی ریلوے کی کارکردگی پر نوٹ لکھیں؟

جواب عید کے موقع پر یا دوسرے تہواروں پر پاکستان ریلوے خصوصی ریل گاڑیاں چلا کر مسافروں کے لیے آسانیاں پیدا کرتا ہے۔ سکھ برادری کے لوگ مذہبی تہوار منانے کے لیے یہاں ریل کے ذریعے آتے ہیں۔ جو لوگوں کے لیے بڑی آسانیاں پیدا کرتا ہے۔

سوال نمبر 5 کسی ملک کی معیشت کے لیے مال بردار ریل گاڑیاں کیوں اہم ہوتی ہیں؟

جواب معیشت کی استحکام کے لیے ذرائع آمدورفت کا ہونا اشد ضروری ہے اور یہ ذرائع آمدورفت ریل کی وجہ سے ممکن ہے۔ ریل کے ذریعے پورے پاکستان میں زرعی اور صنعتی مشینری غذائی اجناس، سیمنٹ اور چینی کی ترسیل ہوتی ہے۔

سوال نمبر 6 درج ذیل الفاظ کے متضاد تحریر کریں۔

جواب۔

| الفاظ | متضاد | الفاظ | متضاد |
| --- | --- | --- | --- |
| آباد | ویران | پاک | ناپاک |
| ترقی | تنزلی / پستی | خوش نما | بدنما |
| جدید | قدیم | اعلیٰ | ادنیٰ |
| باطن | ظاہر | طول | عرض |

Date: 18 / 10 / 2019 Day جمعہ

# مشق نمبر 16

## سائنسی ایجاد :

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| احتراز | پرہیز | لقمہ اجل | موت |
| سہل | آسان | سکنات | حرکات |
| کرشمہ | عجوبے | پیوند کاری | جوڑنا |
| غارت کرنا | تباہ کرنا | مسخر کرنا | تابع کرنا |
| بود و باش | رہنے کا طریقہ | شب تاریک | تاریک رات |
| اندھیرا | تاریکی | گوشہ | کونا |
| ورطہ حیرت | زیادہ حیران کن | گھیلنا | تباہ کرنا |
| تشخص | شناخت | امر | حکم |
| آبپاشی | سیرابی | کھیتی باڑی | کاشتکاری |
| انواع | اقسام | تسخیر | مسخر/تابع |
| دوبدو | آمنے سامنے | | |

سوال نمبر 2 سائنسی ایجادات کے کم از کم دس فوائد تحریر کریں۔

جواب ~~(1) ہوائی جہاز~~

## سائنسی ایجادات :

(1) ہوائی جہاز سے وقت کی بچت ہوتی ہے

(2) ریل گاڑی کے ذریعے بہت سامان لایا جا سکتا ہے

(3) بجلی کے ذریعے تمام دنیا روشن ہے۔

(4) موبائل فون کے ذریعے پیغام رسانی۔

Sabar Register

Date: / /　　Day

(v) جدید آلات جنگ کی وجہ سے دشمن کے حملے سے ہم محفوظ ہیں۔
(vi) فرٹیلائزر اور عمدہ بیج کے ذریعے پیداوار میں اضافہ۔
(vii) جدید تحقیقات کے ذریعے بارش کا بروقت پتہ چلتا ہے۔
(viii) محکمہ موسمیات کے ذریعے بارش کا بروقت پتہ چلتا ہے۔
(ix) گرمی سے بچنے کے لیے پنکھے اور اے سی (A.C) بنائے گئے ہیں۔
(x) پیداوار میں اضافے کے لیے مصنوعی کھاد تیار کیا گیا ہے۔

سوال نمبر 2: دنیا کس طرح چھوٹے سے گاؤں میں تبدیل ہو چکی ہے؟

جواب: جس طرح چھوٹے گاؤں میں تمام لوگ ایک دوسرے کے دکھ درد سے واقف ہوتے ہیں اسی طرح اب پوری دنیا میں مواصلات (نیٹ، ٹی وی) کے ذریعے لوگ ایک دوسرے کے دکھ درد سے بخوبی واقف ہوتے ہیں۔

سوال نمبر 3: جدید سائنسی ایجادات نے ذرائع آمد و رفت میں کیا تبدیلی کی ہے؟

جواب: جدید سائنسی ایجادات نے مہینوں کا فاصلہ منٹوں میں طے کرانے کے لیے ہوائی جہاز اور ریل ایجاد کیے ہیں۔ ان ایجادات سے کم وقت میں زیادہ فاصلہ طے کیا جاتا ہے۔

سوال نمبر 4: طب کے شعبے میں سائنسی ترقی پر روشنی ڈالیے؟

جواب: پوشیدہ امراض کی تشخیص کے لیے جدید طریقہ علاج دریافت ہو چکا ہے۔ جدید اور موثر ادویات تیار کیے گئے ہیں جن سے مریض کو بروقت علاج شافی کامل نصیب ہوتا ہے۔

Date: / / Day

سوال نمبر ۱: موبائل فون کے ذریعے کون کون سے کام لیے جا سکتے ہیں؟

جواب: موبائل فون کے ذریعے دنیا کے کسی بھی کونے میں بیٹھے شخص سے نہ صرف باتیں کر سکتے ہیں بلکہ لکھ کر پیغام (MSG) بھی بھیج سکتے ہیں اور تصاویر وغیرہ کا تبادلہ بھی کر سکتے ہیں۔

سوال نمبر ۲: درج ذیل الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کریں۔

جواب:

| الفاظ | جملوں میں استعمال |
|---|---|
| کرشمے | اللہ تعالیٰ اپنی قدرت کے کرشمے ہر وقت دکھاتا رہتا ہے۔ |
| ناممکنات | سائنس نے ناممکنات کو ممکن بنا دیا۔ |
| لقمۂ اجل | سعید لقمۂ اجل کا شکار ہو گیا۔ |
| استفادہ | استاد کی نصیحتوں سے استفادہ کرنا چاہیے۔ |
| ورطۂ حیرت میں ڈالنا | شعبدہ بازی کی پیشکش نے سب شائقین کو ورطۂ حیرت میں ڈال دیا۔ |
| شبِ تاریک | شاعر نے شبِ ہجراں کو شبِ تاریک سے تشبیہ دی ہے۔ |
| گزرگاہ | پانی کی گزرگاہ میں کوئی رکاوٹ نہیں ڈالنی چاہیے۔ |
| احتراز | ہمیں برے کاموں سے احتراز کرنا چاہیے۔ |